11 نومبر، 2011

عوام پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے نوٹ ستمبر 2012 تک اسٹیٹ بینک اور بینکوں سے تبدیل کرالیں

اسٹیٹ بینک آف پاکستان نے ملک بھر میں کام کرنے والے تمام کمرشل بینکوں اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن (SBP BSC) کو فوری طور پر پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ تبدیل کرنے کی ہدایت جاری کردی ہے۔

واضح رہے کہ اس ہدایت کے تحت عوام صرف پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے نوٹ بینکوں اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے فیلڈ دفاتر سے تبدیل کراسکتے ہیں، تاہم چونکہ پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے نوٹ کی قانونی حیثیت ختم ہوچکی ہے، لہٰذا اسے قانونی طور پر لین دین کے لئے استعمال نہیں کیا جاسکتا۔

کمرشل بینکوں کی 10 ہزار سے زائد شاخیں اور ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے 16 فیلڈ دفاتر پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے نوٹ فوری طور پر تبدیل کرنا شروع کریں گے۔ نوٹ تبدیل کرانے کی یہ سہولت عوام کو ستمبر 2012 کے آخری کاروباری روز تک حاصل رہے گی۔

سرکلر نمبر 2011/ (Dem-500) /7 / 737 / CMD مورخہ 11 نومبر، 2011 کے مطابق اسٹیٹ بینک نے بینکوں کو پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ تبدیل کرانے یا تبدیلی کی مالیت کو اپنے متعلقہ بینک اکاؤنٹ میں منتقل کرانے کے لئے ایسے تمام نوٹ ستمبر 2012 کے آخری کاروباری روز تک ایس بی پی بینکنگ سروسز کارپوریشن کے پاس جمع کرانے کی ہدایت بھی کی ہے۔

بینکوں کو یہ ہدایت بھی کی گئی ہے کہ وہ اپنی متعلقہ تشہیری پالیسی کے مطابق عوام کی آگہی اور سہولت کے لئے پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے نوٹ تبدیل کرانے کی تاریخ میں توسیع کی بڑے پیمانے پر تشہیر کریں اور اپنی تمام شاخوں کو مذکورہ بالا ہدایات پر ان کی اصل روح کے مطابق عملدرآمد کے لئے ضروری ہدایت جاری کریں۔

پرانے ڈیزائن والے بڑے سائز کے 500 روپے کے بینک نوٹ کی تبدیلی کے سلسلے میں کوئی بھی شکایت ایس بی پی ایس سی سینٹرل ہیلپ ڈیسک، ہیڈ آفس کراچی کے پاس ٹیلی فون نمبرز 99212491-021، 32455454-021، 32455470-021 اور 32453962-021 پر درج کرائی جاسکتی ہے۔ شکایات ای میل ایڈریس drs500@sbp.org.pk یا ترجمان، اسٹیٹ بینک آف پاکستان کے ای میل ایڈریس syed.wasimuddin@sbp.org.pk پر بھی ارسال کی جاسکتی ہیں۔

واضح رہے کہ وفاقی حکومت نے Gazette Notification No. 2(1)IF-IV/2010 مورخہ 4 نومبر، 2011 کے ذریعے پرانے ڈیزائن والے 500 روپے کے بینک نوٹ تبدیل کرانے کی آخری تاریخ میں 30 ستمبر، 2012 تک توسیع کی ہے۔

☆☆☆/